عزیزی والدین یا سرپرست:

آپکے بچے کی صحت ہمارے لیے اہمیت رکھتی ہے۔ نیویارک شہر پبلک اسکولز کے مڈل اور ہائی اسکول میں، صحت کی تعلیم کی کلاسوں میں تشدُّد اور چوٹ لگنے سے بچاو؛ سماجی، جذباتی، اور دماغی صحت؛ غذائیت اور جسمانی سرگرمی؛ تمباکو، الکوحل، اور دیگر منشیات کے استعمال سے بچاؤ؛ اور جنسی صحت، بشمول HIV کے اسباق شامل ہیں۔ اب پہلے سے کہیں زیادہ، طلبا کو صحت کی تعلیم میں سکھائی گئی صلاحتیوں کا اطلاق اپنی زندگی میں کرنے کی ضرورت ہے تاکہ بیماری سے بچا جائے، مستند صحت کی معلومات اور خدمات تک رسائی حاصل ہو، اور یہ اپنی سماجی، جذباتی اور دماغی صحت کی نگہداشت کر سکیں۔

نیویارک ریاست محکمہ تعلیم (NYSED) مڈل اور ہائی اسکول، دونوں میں ایک - سمیسٹر کے لیے جامع صحت کی تعلیم کا کورس کا تقاضا کرتا ہے۔ اس کلاس میں طلبا سیکھتے ہیں کہ ایک صحت مند زندگی کیسے گزاری جائے اور پُر خطر طرز عمل اختیار کرنے سے کیسے بچا جاتا ہے۔ مڈل اور ہائی اسکول کی صحت کی تعلیم کی کلاسوں میں آپ کے بچے کی عمر کی مناسبت سے جنسی صحت کے اسباق شامل ہوتے ہیں۔ اس یونٹ میں ریاست کی سالانہ باضابطہ HIV تعلیم کے اسباق شامل ہیں۔

جنسی صحت کے اسباق طلبا کو طبی طور پر بالکل درست معلومات اور ابلاغ فراہم کرتے ہیں تاکہ انہیں ایسے فیصلے کرنے میں مدد ملے جو انہیں صحت مند اور محفوظ رکھ سکیں۔ اسکول کی عمر کے نوجوانوں میں جنسی سرگرمی میں تاخیر ہمارا مشترکہ ہدف ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ ہمارے طلبا اور انکے خاندانوں کے مختلف عقائد، ثقافتیں اور رواج ہیں۔ یہ اقدار آپ کے بچے کی زندگی کے لیے بنیادی، اہم رہنما خطوط ہیں۔ بطور ایک والدین / سرپرست کے، آپکو اپنے بچے کو ضبط تولید اور HIV/جنسی طور پر پھیلنے والی انفیکشنز (STI) سے بچاؤ کے طریقوں کے بارے میں کچھ اسباق سے باہر رکھنے کا حق حاصل ہے۔ آپ اپنے بچے کو جنسی اجتناب کرنے کی یا دیگر جنسی صحت کی تعلیم کی کلاسوں سے نہیں ہٹا سکتے۔ اگر آپ کے اس بارے میں سوالات ہیں کہ آپ کن اسباق سے اپنے بچے کو اوپٹ آوٹ (خارج) کرا سکتے ہیں، براہِ کرم اپنے بچے کے اسکول کے پرنسپل، والدین رابطہ کار، یا صحت کی تعلیم کے استاد سے بات کریں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کو ضبط تولید اور HIV/STI سے بچاؤ کے اسباق سے استثنٰی مل جائے، اپنے بچے کے پرنسپل کو ایک خط لکھیں۔ اس خط میں بیان ہونا چاہئیے کہ:

- آپ کے بچے کو ضبط تولید اور HIV/STI سے بچاؤ کے طریقوں کے اسباق کے دوران کلاس روم میں نہیں ہونا چاہیئے؛ اور
- آپ اپنے بچے کو بچاؤ کے بارے میں گھر پر تعلیم فراہم کریں گے۔

جیسا کہ تمام شعبوں میں ہوتا ہے، والدین اور سرپرست بچے کے اول ترین اور سب سے زیادہ با اثر اساتذہ ہوتے ہیں۔ والدین، سرپرستوں اور اسکولوں کا ایک مشترکہ ہدف ہے: ہم چاہتے ہیں کہ ہر عمر کے طلبا اپنی زندگیوں کے ہر پہلو میں صحتمند رہیں۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ جو کچھ وہ اسکول میں سیکھ رہے ہیں اس کے بارے میں اور اپنی اقدار کے ساتھ ایک صحتمندانہ زندگی کیسے گزاری جائے کے بارے میں گفتگو کریں۔ اگر آپ کو اپنے بچے کی صحت کی تعلیم کی کلاس کے بارے میں مزید جاننا ہے، اپنے بچے کے پرنسپل اور اساتذہ سے بات کریں۔

نیک تمنائیں،

David C. Banks